سوال

(18) روپیے کے عوض زمین گروی رکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے دوسرے شخص کے پاس سو روپیہ کے عوض اپنی زمین گروی رکھی۔ اس شرط پر کے تین برس کے بعد ہم روپیہ دے کر زمین واپس کرلیں گے۔ اوراس مدت میں جو کچھ پیداوار کا منافع ہواوہ اپنے مصرف میں لاوے۔ اور مالگزاری بھی ادا کرتا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض علماء اس صورت کو گائے والی صورت

(البن الدریشرب بنفقتہ) پر قیاس کرتے ہیں۔ کہتے ہیں زمین کا لگان مرتہن کے زمے مثل گائے کی خوراک کے برابر ہے۔ بعض اس سے منکر ہیں اختلاف سے نکلنے کیلئے مالک کو بھی کرایہ زمین کے طور پر کچھ دے دیا کرے۔ خواہ تھوڑا ہی تو جائز ہے۔

(۱۲ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۵ھ) (فتاویٰ ثنائیہ جلد ثانی صفحہ نمبر ۴۳۰۔ ۴۳۱)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 14